Passed ~~unanimously~~ by majority
10/9/2024. 5:55 P.M.

# قرارداد

Passed Notice No. 93

یہ ایوان، اس بات کا مطالبہ کرتا ہے کہ ہر ادارہ اپنی آئینی حدود میں رہ کر اپنے فرائض آئین اور قانون کے مطابق سرانجام دے۔ لیکن پچھلے دو سالوں سے اِس ملک کے اندر فوج کے کچھ افسران کی مداخلت ان کے اپنی حلف سے انحراف ہے۔ جو کہ آئین کے آرٹیکل کے مطابق غداری کے زمرے میں آتا ہے۔

یہ اسمبلی متفقہ طور پر اس چیز کا بھی پُرزور مطالبہ کرتی ہے کہ!

ان افسران کے خلاف فوجی قوانین کے مطابق نوٹس لے کر ان کے خلاف کورٹ مارشل کیا جائے اور سخت سے سخت سزا دی جائے اور اُن کو غیر آئینی، غیر قانونی اور غیر انسانی اقدامات سے باز رکھا جائے۔ یہ ایوان فوج کی لازوال قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہے۔ لیکن چند افسران کے ذاتی مفادات اور ضِد و انا نے اس ملک کی جمہوریت کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے اور یہ نقصان جاری ہے۔ یہ ایوان پُرزور مطالبہ کرتا ہے کہ فوج کے چند افسران جو سیاست میں ملوث ہیں سیاست سے دور رہیں۔ اور ان کے خلاف سخت سے سخت کاروائی کی جائے اور سیاست کو فوج کی مداخلت سے پاک کیا جائے تاکہ ہمارا ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہو جائے۔

یہ اسمبلی متفقہ طور پر پی ٹی آئی کی قیادت اور کارکنان کے خلاف کاروائی کی پُرزور مذمت کرتی ہے۔ اور اس بات کا بھی پُرزور مطالبہ کرتی ہے کہ غیر آئینی اور غیر قانونی طور پر گرفتار پی ٹی آئی لیڈرشپ کو جلد از جلد باعزت رہا کیا جائے ورنہ حالات کے ذمہ دار فوج کے یہ چند افسران ہونگے! وفاقی حکومت قومی اسمبلی پر شرمناک حملے کی ذمہ دار ہے اور ہر ملوث شخص، بشمول دھاندلی کی بیساکھیوں پر کھڑے وزیر اعظم، آئین اور قانون کے تحت جوابدہ ہے۔

یہ ایوان عمران خان، بانی پی ٹی آئی، کی عظیم جدّوجہد کو خراج تحسین پیش کرتا ہے اور اُن کی فوری رہائی کا مطالبہ کرتا ہے۔

PK-25
PK-64
PK-77 Sher Ali

**RESOLUTION**

Session No. 5Th

Notice No. 93

Received Time 4:30

Received Date 10/9/2024

From Mr. / Ms. سیفی MPA

Receiver Sign: [signature]